City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1

MISSISSAUGA

News Release

mississauga.ca facebook.com/citymississauga twitter.com/citymississauga

کیا آپ ووٹ دینے کے لیے تیار ہیں؟

ووٹر لسٹ پر اپنی معلومات کی تصدیق کریں اور میئر اور وارڈ 5 کے کونسلر امیدواروں کی باضابطہ فہرست چیک کریں

6 مئی 2024

Mississauga کے میئر اور وارڈ 5 کونسلر کے ضمنی انتخابات بہت قریب ہیں، لہٰذا اہل ووٹرز کو یقینی بنانا چاہیے کہ وہ اپنا ووٹ ڈالنے کے لیے تیاری کر لیں۔

ان آسان اقدامات پر عمل کر کے مورخہ 10 جون، بروز پیر کو منعقد ہونے والے ووٹنگ کے عمل کو ہموار اور بلاتعطل بنانے میں مدد فراہم کر سکتے ہیں۔ آپ 24 اور 25 مئی اور 1 اور 2 جون کو پیشگی ووٹنگ کے مقامات پر آپ اپنا ووٹ قبل از وقت بھی ڈال سکتے ہیں۔

اپنی معلومات کی تصدیق یا اپ ڈیٹ کریں

ووٹر رجسٹریشن پورٹل پر جا کر ووٹرز کی فہرست چیک کریں اور یہ یقینی بنائیں کہ آپ کی ذاتی معلومات درست ہیں۔ اگر آپ نے پچھلے کچھ سالوں میں اپنا نام یا پتہ تبدیل کیا ہو، تو آپ کی معلومات پرانی ہو سکتی ہیں۔ آپ تمام ضروری اپ ڈیٹس آن لائن طور پر کر سکتے ہیں یا اپنے آپ کو ووٹرز لسٹ میں شامل بھی کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو کوئی معلومات تبدیل کرنے کی ضرورت ہوئی، تو ایسا کرنے سے آپ ووٹنگ کے مقام پر جا کر کسی بھی اضافی کاغذی کارروائی کو مکمل کرنے سے بچ جائیں گے۔

امیدواروں کو چیک کریں

اپنے آپ کو باضابطہ امیدواروں سے واقف کرنے کے لیے اپنا کچھ وقت نکالیں: میئر کے لیے 20 امیدوار اور وارڈ 5 کونسلر کے لیے 15 امیدوار میدان میں ہیں۔ وارڈ 5 کے ووٹر اپنے وارڈ 5 کے کونسلر اور میئر کو ووٹ دیں گے۔ دیگر تمام وارڈز کے ووٹر صرف Mississauga کے میئر کے لیے ہی ووٹ ڈالیں گے۔

ووٹنگ کے مقام کی معلومات

اگر آپ کا نام ووٹرز کی ابتدائی فہرست میں موجود ہوا، تو آپ کو بذریعہ ڈاک ووٹر نوٹیفکیشن کارڈ موصول ہو جائے گا۔ یہ کارڈ آپ کو ووٹنگ کے لیے مختص کردہ دنوں اور آپ کے ووٹنگ کے مقامات کے بارے میں ضروری اور اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔ اگر آپ کو کارڈ موصول نہیں ہوتا، تو فکر نہ کریں؛ آپ اب بھی ووٹ دے سکیں گے۔ آپ کو صرف پولنگ میں اپنی معلومات کو اپ ڈیٹ کرنے یا اپنا نام ووٹرز کی فہرست میں شامل کرنے کی ضرورت ہے۔ آپ اپنا تفویض کردہ ووٹنگ مقام معلوم کرنے کے لیے ویب سائٹ چیک کر سکتے ہیں۔

ووٹر کی اہلیت

میونسپل الیکشن ایکٹ 1996میں بلدیاتی انتخابات کے لیے اصول طے کیے گئے ہیں، بشمول کون شخص ووٹ دینے کا اہل ہو سکتا ہے۔ آئندہ ضمنی انتخابات میں ووٹ ڈالنے کے لیے، آپ کے لیے درج ذیل شرائط لازمی ہیں:

- کینیڈا کا شہری ہونا
- کم از کم عمر 18 سال ہونا
- ایک غیر رہائشی ہونا، لیکن آپ یا آپ کا/کی شریک حیات Mississauga میں لازمی طور پر کسی جائیداد کے/کی مالک یا کرایہ دار ہوں

ووٹنگ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے یا ضمنی انتخابات کے بارے میں عمومی معلومات کے لیے، وزٹ کریں۔ mississauga.ca/vote یا (8683) 905-615-VOTE پر کال کریں۔

-30-

میڈیا کنٹیکٹ:
سٹی آف Mississauga میڈیا ریلیشنز
media@mississauga.ca
905-615-3200 ایکسٹینشن 5232
TTY: 905-896-5151